★ حق کی آواز، عوامی ترجمان ★

E PAPER DAILY VOICE OF ASIA LAHORE

چیف ایڈیٹر ذیشان جمیل بھٹی

بانی: محمد جمیل بھٹی (مرحوم)

چیف ایگزیکٹو: محمد طفیل ٹیپو

روزنامہ

# وائس آف ایشیا

ڈپٹی ایڈیٹر تجمل عباس بھٹی

ڈپٹی نیوز ایڈیٹر ارشاد احمد شاد

جلد نمبر 01 | منگل 03 نومبر 2026ء، 20 کاتک، 22 جمادی الاول 1448ء، صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 237

بھارت پاکستان میں دہشت گردی کا سب سے بڑا اسپانسر، افغان طالبان رجیم ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کی سرپرستی کر رہی ہے

# دہشت گردی، افغان طالبان مطالبات مانیں ورنہ سنگین قیمت چکانا پڑے گی: فوجی ترجمان

دہشتگردی کے سہولت کاروں میں خیبر پختونخوا کی نااہل اور لاتعلق حکومت بھی تھی، انسداد دہشت گردی کی مخالفت وہی لوگ کرتے ہیں جن کا ان دہشت گردوں سے گٹھ جوڑ ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

خیبر پختونخوا میں کوئی بھی شخص انسداد دہشت گردی کے آپریشنز کے خلاف نہیں ہے، وہی لوگ انسداد دہشت گردی کی مخالفت کرتے ہیں جن کا ان دہشت گردوں سے گٹھ جوڑ ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا ہے کہ دہشت گردی کے ان سہولت کاروں میں سے ایک خیبر پختونخوا میں نااہل اور لاتعلق حکومت بھی تھی، صوبے میں ایک سہولت کار جو انسداد دہشت گردی میں رکاوٹ پیدا کر رہا تھا وہ اب وہاں موجود نہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے رائٹرز کو 30 اکتوبر 2026 کو دیے گئے انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں پر واضح کیا کہ ہمارے پاس دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے ایک واضح حکمت عملی موجود ہے جس کا ایک حصہ یہ ہے کہ پاکستان کے اندر دہشت گردوں اور ان کے تمام سہولت کاروں کو ختم کرنا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ دہشت گردی سے متعلق کچھ ایسے مسائل بھی ہیں جنہیں ہمیں اندرونی طور پر سنبھالنا ہوگا۔ خیبر پختونخوا میں کوئی بھی شخص انسداد دہشت گردی کے آپریشنز کے خلاف نہیں ہے، وہی لوگ انسداد دہشت گردی کی مخالفت کرتے ہیں جن کا ان دہشت گردوں سے گٹھ جوڑ ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں کسی بڑے فوجی

باقی صفحہ 3 بقیہ 18

## ٹرمپ کی ایران پر ایٹمی حملے کی تیاری؟ معروف امریکی صحافی ٹکر کارلسن نے تاریخ بتا دی

نیتن یاہو کو اپنے سیاسی مستقبل کے لیے ٹرمپ کی حمایت درکار ہے اور وہ ایران کے خلاف جنگ جاری رکھنے کے خواہاں ہیں



واشنگٹن (وائس آف ایشیا) امریکی صحافی اور سیاسی مبصر ٹکر کارلسن نے دعویٰ کیا ہے کہ اسرائیلی وزیراعظم بن یامین نیتن یاہو کے دباؤ کے باعث ٹرمپ انتظامیہ

باقی صفحہ 3 بقیہ 17

# ماتحت افسران انصاف کی فراہمی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں: آئی جی پنجاب

رواں سال 3141 گینگز کے 11 ہزار 704 کارندے گرفتار، 2 ارب 86 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا مالِ مسروقہ برآمد۔ کارروائیوں کے دوران ملزمان کے قبضے سے 2 ارب 86 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا مالِ مسروقہ برآمد کیا گیا

سٹی پولیس کو 7 وکٹوں سے شکست دے دی، باغ جناح کرکٹ گراؤنڈ میں منعقدہ فائنل میچ میں آئی جی پنجاب عبدالکریم کی خصوصی شرکت، فاتح ٹیم کو ٹرافی اور کھلاڑیوں میں میڈلز تقسیم کیے

سنٹرل پولیس آفس: آئی جی پنجاب عبدالکریم سے پولیس ملازمین اور اہلخانہ کی ملاقات، مسائل کے حل کیلئے فوری احکامات جاری، مرحوم ہیڈ کانسٹیبل مشتاق احمد کے بیٹے کی بھرتی سے متعلق درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ضروری کارروائی کی ہدایت کی گئی

لاہور (سینئر کرائم رپورٹر سے) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم سے پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

باقی صفحہ 3 بقیہ 21

لاہور (سینئر کرائم رپورٹر سے) آئی جی پنجاب کپ والیم تھری کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل میچ باغ جناح کرکٹ گراؤنڈ میں پیٹرنز الیون اور کیپٹل سٹی پولیس لاہور کی کرکٹ ٹیموں کے مابین کھیلا گیا جس میں پیٹرنز الیون نے کیپٹل سٹی پولیس کی ٹیم کو 7 وکٹوں سے شکست دے کر

باقی صفحہ 3 بقیہ 20

لاہور (سینئر کرائم رپورٹر سے) پنجاب پولیس لاہور سمیت صوبہ بھر میں منظم جرائم پیشہ گروہوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ رواں سال کے دوران لاہور سمیت صوبہ بھر سے 3141 گینگز کے 11 ہزار

باقی صفحہ 3 بقیہ 19

# مریم نواز نے 3 سال میں 10 لاکھ نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کا ہدف مقرر کر دیا

13 زبانوں کے کورسز کرائے جائیں گے: خطاب، گلگت کے عوام کو پاکستان سے الحاق کی 79 ویں سالگرہ، کرکٹ ٹیم کو مبارکباد

امراض قلب کے مریضوں کیلئے جدید کیتھ لیب فعال کر دی، پہلی مرتبہ کامیاب انجیوگرافی، انجیو پلاسٹی کی گئی: وزیراعلیٰ کا ٹویٹ

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے آئندہ 3 سال میں 10 لاکھ نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کا ہدف مقرر کر دیا، پنجاب میں جدید اسکل ڈیولپمنٹ پروگرامز کے تحت نوجوانوں کو مقامی اور عالمی سطح پر روزگار کے مواقع فراہم کرنے کیلئے اہم فیصلے کیے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ کی زیرصدارت خصوصی اجلاس میں اسکل اس ڈیولپمنٹ منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں جدید ووکیشنل سنٹر آف ایکسی لینس، الیکٹریکل، ویلڈنگ اور ڈیجیٹل مارکیٹنگ کے سنٹرز قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ بریفنگ کے مطابق پنجاب میں اب تک چار لاکھ نوجوانوں کی اسکل ٹریننگ مکمل ہو چکی ہے، اے، جبکہ 45 فیصد سے زائد نوجوان برسرروزگار ہو چکے ہیں، اسکل ڈویلپمنٹ اینڈ انٹرپرینیور شپ ڈیپارٹمنٹ کے تحت تربیت حاصل کرنیوالے پونے دو لاکھ نوجوانوں کو روزگار ملا جبکہ 38 ہزار سے زائد نوجوان بیرون ملک ملازمت حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ ایم لینگوئج کر ننگ پروگرام کے تحت 13 زبانوں کے کورسز کرائے جائیں گے، بعدازاں وزیراعلیٰ نے گلگت بلتستان کے عوام کو ڈوگرہ راج سے آزادی اور پاکستان سے الحاق کی 79 ویں سالگرہ کے موقع پر دلی مبارکباد دی۔ ان کا کہنا تھا کہ

باقی صفحہ 3 بقیہ 10

# بلاول بھٹو زرداری کو وزیراعظم بنانا ہماری جدوجہد کا ہدف ہے: گورنر پنجاب

لاہور کی سیاست میں اب بھی گنجائش موجود، عوام نئے چہرے دیکھنا چاہتے ہیں، سردار سلیم حیدر کا کنونشن سے خطاب

پی پی لاہور میں پانچ ہزار امیدوار میدان میں اتاریں گی: فیصل میر، عائشہ شوکت، مجید غوری اور دیگر کا بھی اظہار خیال

لاہور (سپیشل رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا وزیراعظم بننا ہماری سیاسی جدوجہد کا ہدف ہے اور بلدیاتی انتخابات اس سفر کی بنیاد ثابت ہوں گے۔ انہوں نے گورنر ہاؤس میں جلد لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب منعقد کرنے کا بھی اعلان کیا۔ انہوں نے پہلے بلدیاتی کنونشن کے انعقاد پر پیپلز پارٹی لاہور کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ لاہور کی سیاست میں اب بھی گنجائش موجود ہے اور عوام نئے چہرے دیکھنا چاہتے ہیں۔ پیپلز پارٹی لاہور میں ترقی کر رہی ہے، اس جماعت کی بنیاد بھی لاہور میں رکھی گئی تھی اور قیام کے بعد ابتدائی انتخابی کامیابی پنجاب سے حاصل ہوئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ آج پیپلز پارٹی کا کارکن مایوس نہیں، قیادت اس کے ساتھ کھڑی ہے اور میرے ہوتے ہوئے پیپلز پارٹی کا کوئی کارکن خود کو تنہا نہ سمجھے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز نامزد سیکرٹری انفارمیشن مجید غوری کی رہائشگاہ پر منعقدہ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کنونشن کی صدارت پاکستان پیپلز پارٹی لاہور کے صدر فیصل میر نے کی جبکہ جنرل سیکرٹری عائشہ شوکت، مجید غوری، شاہد عباس، عامر نصیر بٹ، آغا تقی شاہ، ایڈون سہوترا، امجد جٹ، وارث جوئیہ، یاسر بارا، ازین گلزار و

باقی صفحہ 3 بقیہ 13

## عدالتیں بے بس ہیں، انصاف نہیں دے سکتیں، سلمان اکرم راجا

انگریز کے بنائے ہوئے کالے قوانین استعمال کر کے شہری آزادیاں سلب کی جا رہی ہیں، جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی



لاہور (وائس آف ایشیا) پی ٹی آئی کے جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ آج عدالتیں بے بس ہیں، جو انصاف بھی نہیں دے سکتیں۔ ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی کے جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ علیمہ خان اور ان کے ڈرائیور کو پہلے گرفتار کیا گیا، جس کے بعد نظربندی کا

باقی صفحہ 3 بقیہ 9

## رواں مالی سال ترسیلات زر 44 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کی توقع ہے، وزیرخزانہ

پاکستان کو ایسی مالیاتی جدت کی ضرورت ہے جو زیادہ سے زیادہ لوگوں کو معیشت کا حصہ بنانے میں مدد دے، محمد اورنگزیب



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اپنے موجودہ یورو بانڈ قرضوں کی کونگریشن کا جائزہ لے رہا ہے، اس سلسلے میں مشاورت جاری ہے۔ رواں مالی سال ترسیلات زر 44 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کی توقع ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیرو پاکستان فنٹیکس

باقی صفحہ 3 بقیہ 14

## ایف بی آر نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کیخلاف کارروائی شروع کر دی

ٹیکس ایئر 2026 کی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ اپ ڈیٹ کر دی گئی ہے، جس میں 31 اکتوبر تک ریٹرن جمع نہ کرانے والوں کے نام لسٹ سے خارج کر دیے گئے ہیں

کاروباری نقصانات اگلے سال منتقل کرنے کا حق بھی متاثر ہو سکتا ہے۔ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں نام نہ ہونے پر نان فائلرز کو زیادہ شرح سے ٹیکس دینا ہوگا

اسلام آباد (کامرس رپورٹر) ایف بی آر نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے خلاف کارروائی شروع کر دی ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے اس سلسلے کے پہلے مرحلے میں انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے نام ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ سے خارج کر دیے، جس کے تحت اب انہیں ہر قسم کی لین دین پر دوگنا ٹیکس ادا کرنا پڑے گا جبکہ دوسرے مرحلے میں مزید کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ایف بی آر ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹیکس ایئر 2026 کی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ اپ ڈیٹ کر دی گئی ہے، جس میں 31 اکتوبر تک ریٹرن جمع نہ کرانے والوں کے نام لسٹ سے خارج کر دیے گئے

باقی صفحہ 3 بقیہ 8

## وزیراعلیٰ پنجاب کا دیہی خواتین کے روزگار کے لیے بڑا منصوبہ، رجسٹریشن شروع

مریم نواز کے شی تھریڈ پروگرام کے ذریعے 1150 دیہی خواتین برسرروزگار ہو جائیں گی





لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے دیہی خواتین کے لیے ٹیکسٹائل ٹریننگ کا بے مثال پروگرام شی تھریڈ منصوبہ تیار کر لیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کے شی تھریڈ پروگرام کے ذریعے 1150 دیہی خواتین ٹیکسٹائل ٹریننگ کر کے برسرروزگار ہو جائیں گی۔ مریم

باقی صفحہ 3 بقیہ 11

## ایران کا خلیجی ممالک سے دشمنی نہ رکھنے کا اعلان، مذاکرات کے لیے وفد قطر سے روانہ

اسماعیل بقائی کے مطابق بعض خلیجی ممالک نے امریکا کی فوجی موجودگی پر ضرورت سے زیادہ بھروسا کیا ہے

خطے میں اعتماد کی فضا قائم کرنے کے لیے تمام ممالک کو ایک دوسرے کے خدشات کا خیال رکھنا ہوگا

تہران (وائس آف ایشیا) ایران نے کہا ہے کہ اسے خلیجی ممالک یا خطے کے دیگر پڑوسی ملکوں سے کوئی دشمنی نہیں اور وہ دیرپا علاقائی سلامتی کے قیام کے لیے تعاون کا حامی ہے۔ تاہم تہران نے خبردار کیا ہے کہ اگر کسی ملک کی سرزمین یا تنصیبات ایران کی خودمختاری کی خلاف ورزی یا اس کے شہریوں کی سلامتی کو خطرے میں ڈالنے کے لیے استعمال کی گئیں تو وہ خاموش نہیں رہے گا۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا کہ بعض خلیجی ممالک نے امریکا کی فوجی موجودگی پر ضرورت سے زیادہ بھروسا کیا ہے اور کچھ ممالک واشنگٹن کے ساتھ سرگرمی سے تعاون بھی کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ

باقی صفحہ 3 بقیہ 16

## 26 نومبر احتجاج: اسد قیصر، عاطف خان، لطیف کھوسہ، فیصل کنڈی پور کی ضمانت قبل از گرفتاری منظور

اسد قیصر کی 9، عاطف خان کی 4، لطیف کھوسہ کی 3 اور فیصل امین گنڈا پور کی 6 مقدمات میں 11 فروری تک ضمانتیں منظور ہوئیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت نے 26 نومبر احتجاج کیس میں پی ٹی آئی رہنماں اسد قیصر، عاطف خان، لطیف کھوسہ اور فیصل امین گنڈا پور کی درخواست ضمانت قبل از گرفتاری منظور کر لی۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں پی ٹی آئی

باقی صفحہ 3 بقیہ 6

## ہنگو میں سگے بھائی کی فائرنگ سے ایک ہی خاندان کے 6 افراد جاں بحق

ڈی آئی خان (کرائم رپورٹر) ہنگو میں سگے بھائی کی فائرنگ سے ایک ہی خاندان کے 6 افراد جاں

باقی صفحہ 3 بقیہ 7

## تحریک تحفظ آئین پاکستان کا بیرسٹر سیف کے بیان پر سخت ردعمل، شوکاز نوٹس دینے کا مطالبہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) تحریک تحفظ آئین

باقی صفحہ 3 بقیہ 12

## وزیراعظم اپنا گھر ہاؤسنگ اسکیم سے مستفید قرض داروں کی تعداد 1 لاکھ 87 ہزار ہو گئی

زرعی شعبے میں قرض سے مستفید افراد کی 35 لاکھ اور ایس ایم ای کے شعبے میں قرض حاصل کرنے والے 3 لاکھ 42 ہزار ہو گئے

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) وزیراعظم اپنا گھر ہاؤسنگ اسکیم سے مستفید ہوئے قرض داروں کی تعداد ایک لاکھ 87 ہزار 317 ہوگئی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت ترجیحی شعبوں کو قرضوں کی فراہمی میں سہولت پر آج اسلام آباد میں جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ 15

# پاکستان میں 90 فیصد کی ماہانہ آمدن 1.21 لاکھ سے کم

دیہی علاقوں میں غربت 56.4 فیصد

ماہانہ 1.21 لاکھ روپے کمانے والا 10 فیصد امیر طبقے میں شامل، 5.76 کروڑ سے زائد افراد کی یومیہ آمدن 3 ڈالر یا 831 روپے سے کم

خوراک، بجلی و گیس کی قیمتیں گھریلو بجٹ پر اضافی دبا، معاشی سست روی غربت کی بڑی وجوہات، ورلڈ ان ایکوالٹی ڈیٹا ہیں

کراچی (وائس آف ایشیا) ورلڈ ان ایکوالٹی ڈیٹا بیس نے پاکستان میں آمدنی کی تقسیم و غربت سے متعلق اعداد و شمار جاری کر دیے۔ اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں ماہانہ 1.21 لاکھ روپے کمانے والا امیر ترین 10 فیصد طبقے میں شامل، 90 فیصد کی ماہانہ آمدن اس سے کم ہے، ماہانہ 1.89 لاکھ کمانے والا زیادہ آمدنی والے 5 فیصد طبقے میں شامل ہے۔ رپورٹ کے مطابق 5.76 کروڑ سے زائد پاکستانی جو مجموعی آبادی کا 23 فیصد ہیں، کی یومیہ آمدن 3 ڈالر یا 831 روپے سے کم ہے، 12 کروڑ سے زائد پاکستانی جو ملکی آبادی کا 47.9 فیصد ہیں، کی یومیہ آمدن 4.20 ڈالر یا 1176 روپے سے کم ہے، 21.88 کروڑ افراد کی یومیہ آمدنی 8.30 ڈالر یا 2300 روپے سے کم ہے۔ 34.4 رپورٹ کے مطابق دیہی علاقوں میں غربت کی شرح سب سے زیادہ 56.4 فیصد، شہری علاقوں میں فیصد ریکارڈ کی

باقی صفحہ 3 بقیہ 5

# لاہور CTD ہیڈکوارٹرز کی ریکی کرنے والا سرویلنس ڈرون عمارت سے ٹکرا کر گر گیا

رات ساڑھے 12 بجے ڈرون جلو پارک کی جانب سے ہیڈ کوارٹرز کی طرف آیا، چکر بھی لگا رہا تھا، بیرونی دیوار سے ٹکرایا

لائٹس، کیمرہ آن تھے، مقدمہ درج، نامعلوم افراد دہشتگردی کی غرض سے ڈرون کیمرے کے ذریعے سرویلنس کر رہے تھے، ایف آئی آر

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز کی عمارت سے سرویلنس ڈرون ٹکرا گیا، واقعے کا مقدمہ سیکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات انسپکٹر صفدر عباس کی مدعیت میں نامعلوم ملزمان کے خلاف تھانہ ہربنس پورہ میں درج کر لیا گیا۔ ایف آئی آر کے مطابق رات ساڑھے 12 بجے کنٹرول روم سے اطلاع موصول ہوئی کہ ایک ڈرون جلو پارک کی جانب سے سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز کی طرف آ رہا ہے جبکہ ایک عمارت کے گرد چکر بھی لگا رہا تھا اور کافی موقع پر پہنچے تو ایک جدید سرویلنس ڈرون عمارت کی بیرونی دیوار سے ٹکرا کر نیچے گرا ہوا تھا، جس کی لائٹس اور کیمرہ بدستور آن تھے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ڈرون کی مدد سے سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کے اندرونی حصوں کی ریکی کی جا رہی تھی۔ بم ڈسپوزل اسکواڈ نے ڈرون کا معائنہ کرنے کے بعد کلیئرنس دے دی۔ سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز کی سیکیورٹی ٹیم نے ڈرون کو قبضے میں

باقی صفحہ 3 بقیہ 4



استنبول: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن یدی ہلال کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

# کھاد اور گندم سے لدے 2 بحری جہاز کراچی پورٹ پر لنگر انداز

101000 ٹن کارگو ہینڈل، 50000 ٹن کھاد، 5 1000 ٹن گندم شامل، ترجمان، کارگو ہینڈلنگ کی استعداد بڑھانا ترجیح، جنید انوار

کراچی، اسلام آباد (کامرس رپورٹر) کراچی پورٹ پر کھاد اور گندم سے لدے 2 بحری جہاز لنگر انداز ہو گئے۔ ترجمان کراچی پورٹ کے مطابق بندرگاہ پر 10 1000 ٹن درآمدی کارگو ہینڈل کیا، اس میں 50000 ٹن ڈی اے پی کھاد، 5 1000 ٹن گندم شامل ہے، گندم کی ہینڈلنگ جاری ہے۔ وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے آپریشن میں شریک کے پی ٹی کے انجینئرز، پورٹ آپریٹرز، پائلٹس، ٹرمینل آپریٹرز اور ڈاک ورکرز کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ 2 بحری جہازوں کی بیک وقت ہینڈلنگ کراچی پورٹ ٹرسٹ کی آپریشنل صلاحیت کا مظہر ہے، ضروری اشیا کی بروقت

باقی صفحہ 3 بقیہ 3



غزہ: اسرائیلی فورسز کے حملے کے نتیجے میں زخمی ہونیوالے فلسطینی لڑکے کو طبی امداد کے لیے لے جایا جا رہا ہے

# صوبائی حکومت کے ترقیاتی ایجنڈے میں کراچی کو مرکزی حیثیت حاصل: مراد علی شاہ

کراچی ہی نہیں پورے صوبے کو غیر قانونی اسلحے سے پاک دیکھنا چاہتا ہوں، آج کل ہر کوئی کھمبوں کے پیچھے پڑا ہے

جو ٹاؤن زیادہ آمدنی پیدا کرے گا اسے ترقیاتی منصوبے بھی زیادہ دیے جائیں گے، سندھی مسلم فوڈ واک کا افتتاح پر خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے اتوار کو چنیسر ٹاؤن میں سندھی مسلم فوڈ واک کا افتتاح کر دیا، یہ 25 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل ہونے والا شہری بہتری کا منصوبہ ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے چنیسر ٹاؤن کے چیئرمین فرحان غنی اور ان کی ٹیم کو ٹاؤن انتظامیہ کے اپنے وسائل سے منصوبہ مکمل کرنے پر سراہا، انہوں نے کہا کہ دیگر ٹاؤنز کو بھی ایسی ہی کارکردگی کا مظاہرہ کرنا چاہیے جو ٹاؤن زیادہ آمدنی پیدا کرے گا اسے ترقیاتی منصوبے بھی زیادہ دیے جائیں گے، سندھ حکومت مالی معاونت، ادارہ جاتی اصلاحات اور آمدنی میں اضافے کے ذریعے مقامی حکومتوں کے اداروں کو مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت کے ترقیاتی ایجنڈے میں کراچی کو مرکزی حیثیت حاصل ہے اور شہر بھر میں 165 سڑکوں پر کام جلد شروع کیا جائے گا، انہوں

باقی صفحہ 3 بقیہ 2

# نئے انتظامی یونٹس کا قیام اس ملک کا مقدر بن چکا، ایم کیو ایم

تحریک چلانے کا اعلان

ایسی جمہوریت کی ضرورت نہیں جس کے ثمرات عام پاکستانیوں تک نہ پہنچیں، 29 نومبر کو پرعزم قافلہ نکلے گا، خالد مقبول

MQM کی جدوجہد رنگ لا رہی، فاروق ستار، بلاول آ کر دیکھیں کہ یہ صرف ڈسٹرکٹ ایسٹ ہے پورا کراچی نہیں، وسیم اختر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے تحت پی آئی بی گراؤنڈ کے ایم سی پارک میں نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے حوالے سے ڈسٹرکٹ ایسٹ کا جنرل ورکرز اجلاس منعقد کیا گیا، اجلاس میں چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، سینئر مرکزی رہنما ڈاکٹر فاروق ستار، سابق میئر کراچی و سینئر رہنما وسیم اختر، سینئر مرکزی رہنما سید امین الحق، اپوزیشن لیڈر سندھ اسمبلی علی خورشیدی سمیت کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی، خالد مقبول نے کہا کہ ہمیں ایسی جمہوریت کی ہرگز ضرورت نہیں جس کے ثمرات عام پاکستانیوں تک نہ پہنچیں، پاکستان سے خاندانی حکومتوں اور جاگیردارانہ جمہوریت کا خاتمہ ناگزیر ہے کیونکہ ایسا ایوان جہاں مزدوروں کی نمائندگی سرمایہ دار کرے وہ جمہوریت نہیں کہلا سکتی، 29 نومبر بروز اتوار کو شارع فیصل کی طرف ایک پرعزم قافلہ نکلے گا جس کے نکلتے ہی

باقی صفحہ 3 بقیہ 1




## نامعلوم ملزمان کی اسٹیج اداکارہ ندا چوہدری کی گاڑی پر فائرنگ، اداکارہ معجزانہ طور پر محفوظ

**جہال پل کے قریب موٹر سائیکل سواروں نے گاڑی کو نشانہ بنایا، اقدام قتل کا مقدمہ درج، ملزمان فرار، پولیس کی تلاش جاری**

خالق نگر (وائس آف ایشیا) معروف اسٹیج اداکارہ ندا چوہدری کی گاڑی پر قاتلانہ حملے کا سنسنی خیز واقعہ پیش آیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق دو نامعلوم موٹر سائیکل سوار ملزمان نے جہال پل کے قریب ندا چوہدری کی گاڑی پر اندھا دھند فائرنگ کر دی اور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ فائرنگ کے اس ہولناک واقعے میں اسٹیج اداکارہ ندا چوہدری خوش قسمتی سے بالکل محفوظ رہیں، تاہم گولی لگنے سے ان کی گاڑی کا ٹائر پھٹ گیا اور گاڑی کو جزوی نقصان پہنچا۔پولیس حکام کا کہنا ہے کہ یہ واقعہ 30 اکتوبر کی رات تقریباً ایک بج کر 45 منٹ پر پیش آیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور شواہد اکٹھے کیے۔ تھانہ پیپلز کالونی میں نامعلوم ملزمان کے خلاف اقدامِ قتل سمیت دیگر سنگین دفعات کے تحت مقدمہ نمبر 1284/26 درج کر لیا گیا ہے۔ پولیس نے واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔



## ہمیں اپنے بزرگوں کو جینے کا حق دینا چاہیے' وصی شاہ

**مصروفیات کی وجہ سے بزرگوں کو اس طرح وقت نہیں دیا جا تا جو ان کی ضرورت ہے**


لاہور(وائس آف ایشیا)نامور شاعر، میزبان وصی شاہ نے کہاہے کہ ہمیں اپنے بزرگوں کو جینے کا حق دینا چاہیے ،انہیں سپورٹ کیا جائے اور بتائیں ہم ان کے ساتھ ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں مصروفیات کی وجہ سے بزرگوں کو اس طرح وقت نہیں دیا جا تا جو ان کی ضرورت ہے ،یہ بہت خطرناک رجحان ہے اور اگر ہم یہ رویہ ترک نہیں کریں گے تو آنے والے وقت میں ہمیں بھی اس کا بدلہ ملے گا ۔اگر کوئی بڑی عمر کا شخص حدود میں رہ کر مذاق کرے تو صرف اس لئے تنقید نہیں کرنی چاہیے کہ وہ بزرگ ہے بلکہ اس کی تعریف کرنی چاہیے تاکہ وہ اپنے بڑھاپے کو انجوائے کرسکیں۔

## نہ بھوت، نہ چڑیل! معروف ماڈل ہالووین پر اپنا ہی ہاتھ بن گئیں

**ماڈل کے مطابق اس منفرد لباس کی تیاری کا خیال انہیں تقریباً ایک سال قبل آیا تھا**

نیو یارک(وائس آف ایشیا)جرمن سپر ماڈل ہائیڈی کلوم نے ہالووین 2026 پر ایک بار پھر اپنے منفرد لباس سے سب کی توجہ حاصل کر لی جب وہ دیوہیکل انسانی ہاتھ کا روپ دھار کر تقریب میں پہنچیں۔نیو یارک میں منعقدہ اپنی سالانہ ہالووین پارٹی میں ہائیڈی کلوم نے ایسا لباس پہنا جو ان کے اپنے ہاتھ کی بڑی اور حقیقت سے قریب تر نقل تھا۔فیشن میگزین ووگ کو انٹرویو دیتے ہوئے ماڈل نے بتایا کہ وہ ہر سال کچھ ایسا کرنا چاہتی ہیں جو لوگوں نے پہلے کبھی نہ دیکھا ہو۔ان کے مطابق اس منفرد لباس کی تیاری کا خیال انہیں تقریباً ایک سال قبل آیا تھا۔خصوصی افیکٹس کے ماہر مائیک ماریئو اور ان کی ٹیم نے ہائیڈی کے ہاتھ کے اسکین کی مدد سے لباس تیار کیا جس میں رگوں، پٹھوں، انگوٹھیوں اور انگلی پر موجود ٹیٹو تک کی نقل بنائی گئی۔



## امیتابھ بچن کے بنگلے پر حملے کی دھمکی، پولیس نے ان کی سیکیورٹی مزید سخت کردی

**تمام تر سکیورٹی خدشات کے باوجود امیتابھ بچن نے مداحوں سے اپنی ہفتہ وار ملاقات کا سلسلہ منقطع نہیں کیا**

ممبئی (وائس آف ایشیا) بالی وڈ کے معروف اداکار امیتابھ بچن کے بنگلے پر حملے کی دھمکی آمیز ای میل موصول ہونے کے بعد پولیس نے ان کی سکیورٹی مزید سخت کردی ہے۔گزشتہ روز امیتابھ بچن نے اپنے گھر جلسہ کے باہر اپنے ہزاروں مداحوں سے ملاقات کی روایت برقرار رکھی، تاہم اس بار سکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات کے باعث وہ شفاف بلٹ پروف شیشے کے باکس کے اندر کھڑے ہوکر مداحوں کا ہاتھ ہلا کر استقبال کرتے نظر آئے۔83سالہ اداکار کی مداحوں سے اتوار کے روز ملاقات کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر سامنے آئی ہیں، جن میں دیکھا جاسکتا ہے کہ امیتابھ بچن ایک بلٹ پروف شیشے کے باکس میں موجود ہیں۔اس موقع پر ان کے صاحبزادے اور اداکار ابھیشیک بچن بھی موجود تھے جبکہ متعدد سکیورٹی اہلکار اردگرد تعینات دکھائی دیے۔بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق امیتابھ بچن کی رہائش گاہ کے اطراف سکیورٹی میں اضافہ ایک مبینہ دھمکی آمیز ای میل کے بعد کیا گیا ہے، جس کی اطلاع گزشتہ ہفتے ممبئی پولیس کو ملی تھی۔رپورٹس کے مطابق یہ ای میل باندرہ کرلا کمپلیکس کے علاقے میں واقع ایک اسکول کو موصول ہوئی تھی، جس میں امیتابھ بچن کی رہائش گاہ جلسہ کا حوالہ دیتے ہوئے 31اکتوبر اور 27 نومبر کو ممکنہ حملوں کی تاریخوں کے طور پر ذکر کیا گیا تھا۔دھمکی آمیز پیغام میں گلوکار اور اداکار دلجیت دوسانجھ کا نام بھی مبینہ طور پر شامل تھا اور ممبئی کے مہالکشمی ریس کورس سے متعلق 27 نومبر کے ایک ممکنہ واقعے کا ذکر کیا گیا تھا، تاہم رپورٹس کے مطابق پیغام میں دلجیت دوسانجھ کو براہِ راست نشانہ بنانے کی دھمکی نہیں دی گئی تھی۔بھارتی میڈیا کے مطابق مذکورہ ای میل میں خالصتان کے حق میں نعرے بھی درج تھے اور اسے خالصتان نیشنل آرمی نامی ایک گروپ کی جانب سے بھیجے جانے کا دعویٰ کیا گیا تھا۔تمام تر سکیورٹی خدشات کے باوجود امیتابھ بچن نے مداحوں سے اپنی ہفتہ وار ملاقات کا سلسلہ منقطع نہیں کیا اور معمول کے مطابق ان کا خیرمقدم کیا، تاہم اس مرتبہ حفاظتی اقدامات پہلے کے مقابلے میں کہیں زیادہ سخت دکھائی دیے۔

## شاہ رخ خان کا 61 ویں سالگرہ پر مداحوں کے نام ہاتھ سے لکھا خصوصی پیغام جاری

**مداحوں کو ہاتھ ہلانے کا انداز گزشتہ کئی برسوں سے ایک روایت بن چکا ہے لیکن ملاقات کے لیے گھر کی بالکونی میں نہیں آئے**

ممبئی(وائس آف ایشیا)بالی ووڈ سپر اسٹار شاہ رخ خان نے اپنی 61 ویں سالگرہ پر مداحوں کی محبت اور نیک تمناؤں کے جواب میں ہاتھ سے لکھا خصوصی پیغام جاری کر دیا، تاہم وہ خود مداحوں سے ملاقات کے لیے گھر کی بالکونی میں نہیں آئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شاہ رخ خان کی سالگرہ کے موقع پر آدھی رات کو ممبئی میں واقع ان کی رہائش گاہ منت کی بالکونی میں آ کر مداحوں کو ہاتھ ہلانے کا انداز گزشتہ کئی برسوں سے ایک روایت بن چکا ہے، تاہم رواں سال منت کی تزئین و آرائش کے باعث سُپر اسٹار کی یہ روایت برقرار نہ رہ سکی۔اس کے باوجود مداح اپنے پسندیدہ اداکار کو سالگرہ کی مبارک باد دینے کے لیے آدھی رات کو منت کے باہر جمع ہو گئے۔شاہ رخ خان نے بھی انہیں مایوس نہیں کیا اور خود سامنے آنے کے بجائے ہاتھ سے لکھے گئے خصوصی پیغام کے ذریعے ان کی محبت پر جواب دیا۔شاہ رخ خان کی 61 ویں سالگرہ کی خوشیاں اس وقت مزید بڑھ گئیں جب ممبئی میں ان کی مشہور رہائش گاہ منت کو ان کی آنے والی فلم کنگ کے بڑے بڑے مناظر اور تشہیری تصاویر سے سجا دیا گیا، رات گئے منت کے باہر جمع ہونے والے مداحوں کو فلم کے خصوصی مناظر کے ساتھ اداکار کا پیغام بھی دیکھنے کو ملا۔منت کے باہر نصب ایک بڑے بل بورڈ پر شاہ رخ خان کا ہاتھ سے لکھا ہوا پیغام درج تھا، جس میں انہوں نے کہا کہ آپ سب کی نیک تمناؤں اور محبت کا شکریہ، میری جانب سے بھی آپ سب کے لیے ڈھیروں محبت۔اداکار نے پیغام کے اختتام پر لکھا ہے کہ آپ کے لیے بہت ساری محبت اور ایک بڑی سی جپھی، اس کے ساتھ ہی انہوں نے اپنے دستخط بھی کیے ہیں۔بل بورڈ پر اداکار کی آنے والی فلم کنگ کے 2 ڈائیلاگ 'کنگ اکیلا کافی ہے' اور 'ڈر نہیں، دہشت ہوں' بھی نمایاں تھے۔واضح رہے کہ ہدایت کار سدھارتھ آنند کی فلم کنگ 24 دسمبر 2026، کو سینما گھروں میں نمائش کے لیے پیش کی جائے گی، یوں یہ کرسمس کے موقع پر ریلیز ہونے والی بڑی فلموں میں شامل ہو گی۔

## شہریار منور پہلے سے زیادہ ہینڈسم کیسے ہو گئے؟ ڈاکٹر نے سرجری کا امکان ظاہر کر دیا


لاہور(وائس آف ایشیا)ڈاکٹر نے شہریار منور کی مبینہ ناک کی سرجری اور چہرے میں فلرز کے استعمال کا امکان ظاہر کرتے ہوئے ان کے نئے انداز کو سراہا۔ایک ماہر ڈاکٹر نے پاکستانی اداکار شہریار منور کے چہرے میں مبینہ تبدیلیوں سے متعلق دلچسپ تبصرہ کیا جس پر سوشل میڈیا صارفین بھی اتفاق کر رہے ہیں۔نجی ٹی وی چینل پر نشر ہونے والے ایک نئے پاکستانی ڈرامے میں ابوبکر کا کردار کرنے والے شہریار منور ان دنوں اپنی اداکاری کے ساتھ خوبصورت شخصیت کے باعث بھی مداحوں کی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔حال ہی میں ایستھیٹک فیزیشن ڈاکٹر عمارہ سعد ہاشمی نے انسٹاگرام پر اداکار کی پرانی اور نئی تصاویر کا جائزہ لیتے ہوئے ان کے چہرے میں آنے والی تبدیلیوں پر تبصرہ کیا۔ڈاکٹر نے شہریار منور کی مبینہ ناک کی سرجری اور چہرے میں فلرز کے استعمال کا امکان ظاہر کرتے ہوئے ان کے نئے انداز کو سراہا۔ویڈیو سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا صارفین نے بھی مختلف آرا کا اظہار کیا۔ ایک صارف نے لکھا کہ شہریار اب پہلے سے زیادہ خوبصورت دکھائی دیتے ہیں جبکہ دوسرے کا کہنا تھا کہ اصل اہمیت ان کی بہترین اداکاری کی ہے۔بعض صارفین نے چہرے میں تبدیلی کو بڑھتی عمر کا قدرتی اثر بھی قرار دیا۔



## رجنی کانت کی نئی فلم ''جیلر ٹو'' نے نیا ریکارڈ اپنے نام کرلیا

**ریاست تامل ناڈو میں 200 کروڑ روپے کا ہندسہ عبور کرنا رجنی کانت کے لیے خاص اہمیت رکھتا ہے**

حیدرآباد(وائس آف ایشیا) بھارتی سپر اسٹار رجنی کانت کی نئی تامل فلم جیلر 2 نے ریلیز کے 17ویں روز باکس آفس پر ایک اور بڑا سنگ میل عبور کرلیا۔نلسن دلیپ کمار کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم جیلر 2نے رجنی کانت کی آبائی ریاست تامل ناڈو میں 200 کروڑ روپے کا گراس کلیکشن حاصل کرلیا ہے، جو اداکار کے طویل فلمی کیریئر میں ایک منفرد اعزاز ہے۔بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق جیلر 2 نے ہفتے کے روز بھارت بھر میں 7ہزار 486 شوز سے تقریباً 6.09 کروڑ روپے کا نیٹ بزنس کیا۔ جس میں تامل ورژن نے 3ہزار 533شوز سے 4.46 کروڑ روپے کمائے۔ ہندی ورژن نے 3,236شوز سے تقریباً 99لاکھ روپے، جبکہ تیلگو ورژن نے 717شوز سے 64لاکھ روپے کا نیٹ کلیکشن کیا۔17ویں روز کی کمائی کے بعد فلم کا بھارت میں مجموعی نیٹ کلیکشن 441.49 کروڑ روپے تک پہنچ گیا، جبکہ انڈیا گراس کلیکشن تقریباً 516.64 کروڑ روپے ریکارڈ کیا گیا ہے۔فلم نے پہلے آ 8دنوں میں 334.35 کروڑ روپے کا بزنس کیا تھا، جس کے بعد دوسرے ہفتے میں مزید 95.55 کروڑ روپے اس کے کھاتے میں آئے۔فلم کی روزانہ کمائی میں بھی معمولی بہتری دیکھی گئی۔ 16ویں روز جیلر 2 نے تقریباً 5.50 کروڑ روپے کمائے تھے، جس کے مقابلے میں 17ویں روز کلیکشن بڑھ کر 6.09 کروڑ روپے ہوگیا۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق 16ویں روز تک جیلر 2 نے بھارت اور بیرونِ ملک کی کمائی ملا کر تقریباً 776.95 کروڑ روپے کا عالمی گراس بزنس کرلیا تھا۔ریاست تامل ناڈو میں 200 کروڑ روپے کا ہندسہ عبور کرنا رجنی کانت کے لیے خاص اہمیت رکھتا ہے۔ اداکار کی متعدد فلمیں ملکی اور عالمی سطح پر کامیاب رہی ہیں، تاہم اس سے قبل ان کی کوئی فلم تامل ناڈو میں 200 کروڑ روپے کے گراس کلیکشن تک نہیں پہنچ سکی تھی۔رجنی کانت کی سابقہ بلاک بسٹر فلم جیلر نے تامل ناڈو میں تقریباً 189.35 کروڑ روپے کا بزنس کیا تھا، تاہم جیلر 2 نے محض 17دنوں میں اس ریکارڈ کو پیچھے چھوڑتے ہوئے 200 کروڑ کلب میں جگہ بنائی ہے۔فلم کی مسلسل کامیابی کے پیش نظر اب اس کی نظریں ایک اور بڑے ہدف پر مرکوز ہیں۔ معروف فلم ڈسٹری بیوٹر اور تھیٹر مالک ترووپور سبرامنیم نے پیش گوئی کی ہے کہ جیلر 2 دنیا بھر میں 1ہزار کروڑ روپے کا بزنس کرنے والی پہلی تمل فلم بننے کی صلاحیت رکھتی ہے۔




## معروف کالم نگار ایم اے تبسم کا بھتیجا محمد صیام رشتہ ازدواج میں منسلک، صحافتی و سماجی حلقوں کی بھرپور شرکت

**تقریب ولیمہ میں معززین علاقہ، سینئر صحافیوں اور کالم نگاروں کا ہجوم، نوبیاہتا جوڑے کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار، درازیِ عمر کی دعا**

خالق نگر (وائس آف ایشیا) معروف صحافی ، کالم نگار ایم اے تبسم کا بھتیجا محمد صیام رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گیا۔ ان کی دعوتِ ولیمہ کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ملک بھر سے صحافتی، ادبی، سماجی اور سیاسی حلقوں سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے معزز مہمانوں میں سینئر صحافی و کالم نگار عبداللطیف بیگ اور کاہنہ میڈیا کلب کے چیئرمین غلام مصطفیٰ بھٹی شامل تھے، جنہوں نے خصوصی طور پر شرکت کر کے تقریب کو رونق بخشی۔اس موقع پر کاہنہ میڈیا کلب کے دیگر عہدیداران، سینئر صحافیوں، کالم نگاروں اور معززین علاقہ نے ایم اے تبسم اور دولہا کے اہل خانہ کو زندگی کے اس نئے اور خوبصورت سفر کے آغاز پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی۔ تقریب میں شریک تمام مہمانوں نے نوبیاہتا جوڑے کے لیے کامیاب، خوشگوار اور بابرکت ازدواجی زندگی کے لیے خصوصی دعائیں کیں اور ان کی صحت، خوشحالی اور درازیِ عمر کی تمنا کا اظہار کیا۔ ایم اے تبسم نے تقریب میں آمد اور نیک خواہشات کا اظہار کرنے پر تمام معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب کے اختتام پر مہمانوں کی تواضع شاندار اور پروقار انداز میں کی گئی۔






## گالفر احمد بیگ کی یورپین ٹور تک رسائی کی جانب اہم پیش قدمی

**دوسرے مرحلے میں احمد بیگ نے ستائیس انڈر پار کے مجموعی اسکور کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی**

المیریا(وائس آف ایشیا)پاکستانی گالفر احمد بیگ کی یورپین ٹور تک رسائی کی جانب اہم پیش قدمی، کوالیفائنگ اسکول کے دوسرے مرحلے میں کامیابی حاصل کرلی۔ اسپین کے شہر المیریا میں ڈیزرٹ اسپرنگز ریزورٹ میں کھیلے گئے دوسرے مرحلے میں احمد بیگ نے ستائیس انڈر پار کے مجموعی اسکور کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی۔احمد بیگ نے چار راؤنڈز میں 67، 63، 65 اور 66 کے اسکور بنائے، ان کا مجموعی اسکور 261 رہا۔پاکستانی گالفر نے انگلینڈ کے جیک یول اور زمبابوے کے کیرن وِنسنٹ کو پانچ اسٹروکس کے فرق سے پیچھے چھوڑ دیا، دونوں گالفرز نے 22 انڈر پار کے ساتھ مشترکہ دوسری پوزیشن حاصل کی۔دوسرے مرحلے میں کامیابی کے بعد احمد بیگ ڈی پی ورلڈ ٹور کوالیفائنگ اسکول کے فائنل مرحلے میں پہنچ گئے ہیں، جو 6 سے 11 نومبر تک اسپین کے انفینیٹم ریزورٹ میں کھیلا جائے گا۔ڈی پی ورلڈ ٹور، جو اس سے قبل یورپین ٹور کہلاتا تھا، کے 2027 سیزن میں کھیلنے کے مواقع حاصل کرنے کے لیے فائنل مرحلے میں ٹاپ 15 کھلاڑیوں اور ان کے ساتھ برابر پوزیشن حاصل کرنے والے گالفرز کو مواقع ملیں گے، جبکہ ان کھلاڑیوں کو ہوٹل پلانر ٹور کی مکمل رکنیت بھی حاصل ہوگی۔احمد بیگ اب فائنل مرحلے میں عمدہ کارکردگی دکھا کر عالمی پروفیشنل گالف کے بڑے سرکٹ تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش کریں گے۔



## استنبول میراتھون،18 پاکستانیوں نے ریس مکمل کی، ثاقب خان سرفہرست

**دنیا کی واحد بین البراعظمی میراتھون قرار دی جانے والی استنبول میراتھون میں رنرز نے ایشیا سے یورپ تک باسفورس پل عبور کیا**

استنبول (وائس آف ایشیا)ترکیہ میں منعقدہ 48ویں استنبول میراتھون میں 18 پاکستانی رنرز نے 42.195 کلومیٹر کا فاصلہ مکمل کرلیا جبکہ ثاقب خان پاکستانی رنرز میں سرفہرست رہے۔ثاقب خان نے میراتھن 2 گھنٹے 49 منٹ 33 سیکنڈز میں مکمل کی، محمد سجاد 3 گھنٹے 17 منٹ 29 سیکنڈز کے ساتھ دوسرے جبکہ اقبال علی خان 3 گھنٹے 23 منٹ 58 سیکنڈز میں فاصلہ طے کرکے تیسرے نمبر پر رہے۔ثاقب خان نے محمد سجاد سے 27 منٹ 56 سیکنڈ پہلے میراتھن مکمل کی جبکہ اقبال علی خان ثاقب خان سے 34 منٹ 25 سیکنڈ پیچھے رہے۔ ثاقب خان ایونٹ میں واحد پاکستانی رنر تھے جنہوں نے میراتھن تین گھنٹے سے کم وقت میں مکمل کی۔ثاقب خان یوسفزئی اور محمد سجاد کے اسپلٹ سے اندازہ ہوتا ہے کہ محمد سجاد 15 کلومیٹر سے 30 کلومیٹر تک ثاقب خان سے آگے رہے۔ہاف میراتھون کے مقام پر سجاد کو ایک منٹ 51 سیکنڈز کی برتری حاصل تھی، جو 25 کلومیٹر پر بڑھ کر 2 منٹ 4 سیکنڈز ہوگئی، جبکہ 30 کلومیٹر پر ان کی برتری 6 منٹ 17 سیکنڈز تک پہنچ گئی۔تاہم آخری حصے میں ثاقب خان نے شاندار واپسی کی۔ 35 کلومیٹر کے مقام پر سجاد کی برتری کم ہوکر صرف 36 سیکنڈز رہ گئی جبکہ 40 کلومیٹر تک ثاقب خان واضح برتری حاصل کرچکے تھے۔ایڈجسٹ کیے گئے اسپلٹ ٹائمز کے مطابق 40 کلومیٹر پر ثاقب خان کو 17 منٹ 43 سیکنڈز کی برتری حاصل تھی۔ 35 سے 40 کلومیٹر کے درمیان سجاد کا ریکارڈ شدہ اسپلٹ 38 منٹ 29 سیکنڈز رہا جبکہ ثاقب خان نے یہی فاصلہ 20 منٹ 10 سیکنڈز میں طے کیا۔ثاقب خان نے بالآخر 2 گھنٹے 49 منٹ 33 سیکنڈز میں میراتھون مکمل کی جبکہ سجاد کا ٹائم 3 گھنٹے 17 منٹ 29 سیکنڈز رہا، یوں ثاقب خان نے 27 منٹ 56 سیکنڈز کے فرق سے برتری حاصل کی۔عرفان علی 3 گھنٹے 52 منٹ 47 سیکنڈز کے ساتھ پاکستانی رنرز میں چوتھے، جبکہ کامران یوسف 4 گھنٹے 2 منٹ 19 سیکنڈز میں ریس مکمل کرکے پانچویں نمبر پر رہے۔محمد اسد صدیقی نے 4 گھنٹے 21 منٹ 2 سیکنڈز، محمد ذیشان علی نے 4 گھنٹے 28 منٹ 40 سیکنڈز جبکہ عدیل منصور خان نے 4 گھنٹے 39 منٹ 2 سیکنڈز میں میراتھون مکمل کی۔خواتین میں مہناز نوید نمایاں پاکستانی رنر رہیں، انہوں نے 4 گھنٹے 52 منٹ 6 سیکنڈز میں فاصلہ طے کیا۔

## پی سی بی نے 2 سالہ پابندی کا سامنا کرنے والے حمزہ نذر کی معافی قبول کرلی

**آل راؤنڈر کی جانب سے غلطی تسلیم کرنے پر سزا معاف کی گئی، قائد اعظم ٹرافی کیلئے سیالکوٹ کی ٹیم میں شامل**

کراچی(وائس آف ایشیا) ویزے کیلئے غلط معلومات فراہم کرنے پر 2 سالہ پابندی کا سامنا کرنے والے حمزہ نذر کو معافی مل گئی۔پی سی بی نے آل راؤنڈر کی جانب سے غلطی تسلیم کیے جانے پر سزا معاف کر دی، انھیں قائد اعظم ٹرافی کیلئے سیالکوٹ کی ٹیم میں بھی شامل کر لیا گیا۔یاد رہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ نے 6 اگست کو حمزہ نذر پر 2 سال کی پابندی کا اعلان کیا تھا، ان پر 10 لاکھ روپے جرمانہ بھی کیا گیا تھا، حکام کا بیان میں کہنا تھا کہ یہ تادیبی کارروائی بورڈ کے ذریعے ویزا درخواست جمع کرواتے وقت حمزہ کی جانب سے فراہم کردہ معلومات کی تحقیقات کے بعد عمل میں لائی گئی ہے۔پی سی بی کے مطابق کرکٹر نے مکمل اور درست معلومات فراہم نہیں کیں، گمراہ کن تفصیلات جمع کروائیں اور درخواست کے دوران عمل اہم حقائق چھپائے، پی سی بی نے معاملے کی تحقیقات کے لیے تین رکنی تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دی جس نے دستیاب شواہد کا جائزہ لینے سے قبل حمزہ کو مؤقف پیش کرنے کا موقع بھی فراہم کیا۔ بعد ازاں کمیٹی نے رپورٹ اور سفارشات پیش کیں، ان کا جائزہ لینے کے بعد پی سی بی نے حمزہ نذر کو ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل کرکٹ کے تمام فارمیٹس سے 2 سال کے لیے معطل کرنے کے ساتھ 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ حمزہ نذر دورہ ویسٹ انڈیز اور انگلینڈ کیلئے پاکستان ٹیم میں شمولیت کے مضبوط امیدواروں میں شامل تھے تاہم ویزا سے متعلق معاملے کے باعث سلیکشن کی دوڑ سے باہر ہوگئے تھے، ذرائع نے بتایا کہ حمزہ نے بورڈ سے اپنی غلطی پر شرمساری کا اظہار کرتے ہوئے معافی کی اپیل کی۔ انہوں نے کہا کہ کرکٹ روزی روٹی ہے اسے نہ چھینا جائے، ان کی درخواست قبول کرتے ہوئے پی سی بی نے فوری طور پر پابندی ختم کردی، البتہ انہیں مستقبل میں محتاط رویہ اپنانے کی ہدایت دی گئی ہے۔حمزہ کو قائد اعظم ٹرافی کیلئے سیالکوٹ کی ٹیم میں شامل کر لیا گیا ہے، ان دنوں وہ نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور میں پریکٹس بھی کر رہے ہیں۔ یاد رہے کہ 27 سالہ حمزہ نذر 16 فرسٹ کلاس میچز میں 748 رنز بنانے کے ساتھ 26 وکٹیں بھی حاصل کر چکے ہیں۔



## محمد رضوان اور امام الحق قائداعظم ٹرافی میں بھی ایکشن میں ہوں گے، ذرائع

لاہور(وائس آف ایشیا)کرکٹرز محمد رضوان اور امام الحق قائداعظم ٹرافی میں بھی ایکشن میں ہوں گے۔ذرائع کے مطابق محمد رضوان پشاور کی جانب سے قائد اعظم ٹرافی کے لیے ایکشن میں ہوں گے جبکہ امام الحق ملتان کو دستیاب ہوں گے۔ذرائع نے بتایا کہ محمد رضوان اور امام الحق ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے کے لیے ٹیموں کو دستیاب ہیں۔ دونوں کھلاڑی اس سے قبل پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون بھی کھیل چکے ہیں۔خیال رہے کہ قائد اعظم ٹرافی گریڈ ون کا پہلا راؤنڈ 3 نومبر سے شیڈولڈ ہے۔



## نیوزی لینڈ بمقابلہ بھارت، گلین فلپس نے دنیائے کرکٹ میں نئی تاریخ رقم کر دی




آکلینڈ(وائس آف ایشیا)نیوزی لینڈ کے جارح مزاج بیٹر گلین فلپس نے بھارت کے خلاف 5 میچز کی ٹی 20 سیریز میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دنیائے کرکٹ میں نئی تاریخ رقم کر دی۔گلین فلپس نے سیریز کے 5 میچز میں مجموعی طور پر 341 رنز اسکور کیے اور دو اہم ریکارڈ اپنے نام کر لیے، وہ ٹی 20 سیریز میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے دنیا کے پہلے بیٹر بن گئے ہیں۔اس سے قبل یہ ریکارڈ انگلینڈ کے فل سالٹ کے پاس تھا، جنہوں نے 2023، میں ویسٹ انڈیز کے خلاف 5 میچز کی سیریز میں 331 رنز بنائے تھے۔گلین فلپس نے سیریز کے دوران 1 سنچری اور 3 نصف سنچریاں اسکور کیں، انہوں نے 185.33 کے اسٹرائیک ریٹ سے بیٹنگ کی۔ان کی یادگار اننگز میں آکلینڈ میں کھیلی گئی 49 گیندوں پر 107 رنز کی دھواں دار اننگز بھی شامل ہے جس کی بدولت نیوزی لینڈ نے بھارت کو 87 رنز سے شکست دی تھی۔اس کے علاوہ گلین فلپس نے سیریز کے آخری میچ میں ناقابل شکست 65 رنز بنا کر نیوزی لینڈ کی فتح میں بھی اہم کردار ادا کیا، لیکن اس کامیابی کے باوجود بھی بھارت 5 میچز کی سیریز 2-3 سے اپنے نام کرنے میں کامیاب رہا۔انہوں نے اس سیریز میں ایک اور اہم اعزاز بھی حاصل کیا، وہ 2026، میں بھارت کے خلاف ٹی 20 مقابلوں میں مجموعی طور پر 522 رنز بنا چکے ہیں، جو کہ ایک سال میں کسی ایک حریف کے خلاف سب سے زیادہ رنز بنانے کا نیا عالمی ریکارڈ ہے۔

## سعدیہ گل 23 ویں ایشین ٹیم سکواش چیمپئن شپ میں قومی خواتین کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی کیلئے پر عزم

**پاکستانی خواتین ٹیم چار کھلاڑیوں پر مشتمل ہے جن میں ثناء بہادر، مہوش علی، ماہ نور علی اور سحرش علی شامل ہیں**

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) قومی سکواش خواتین ٹیم کی کوچ کوچ سعدیہ گل 23 ویں ایشین ٹیم سکواش چیمپئن شپ میں قومی خواتین ٹیم کی کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی کے لئے پر عزم ہیں۔ یہ چیمپئن شپ آج، منگل سے مصحف سکواش کمپلیکس، اسلام آباد میں شروع ہوگی۔ پاکستانی خواتین ٹیم چار کھلاڑیوں پر مشتمل ہے جن میں ثناء بہادر، مہوش علی، ماہ نور علی اور سحرش علی شامل ہیں۔ سعدیہ گل نے کہا کہ خواتین کھلاڑیوں نے تربیتی کیمپ میں بھرپور محنت کر رکھی ہے اور امید ہے کہ یہ خواتین کھلاڑی چیمپئن شپ میں ملک و قوم کا نام روشن کریں گی۔ چیمپئن شپ میں چھ ممالک کے کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں جن میں پاکستان، ہانگ کانگ، ملائیشیا، کوریا، ایران اور ازبکستان کے کھلاڑی شامل ہیں۔ پاکستان مردوں کی ٹیم میں نور زمان، محمد اشہب عرفان، محمد عاصم خان اور ناصر اقبال شامل ہیں مردوں کی ٹیم کے کوچنگ کے فرائض طاہر اقبال انجام دیں گے ایونٹ 7 نومبر کو فائنل مقابلے کھیلے جائیں گے۔



## امریکی فٹ بال لیگ ،لیونل میسی کے فیصلہ کن گول کی بدولت انٹر میامی نے نیو انگلینڈ ریولوشن کو 1- 2 سے شکست دیدی

میامی(وائس آف ایشیا)ارجنٹائن کے عالمی شہرت یافتہ فٹ بالر لیونل میسی کے فیصلہ کن گول کی بدولت انٹر میامی نے امریکی فٹ بال لیگ (ایم ایل ایس) میں نیو انگلینڈ ریولوشن کو اس کے ہوم گراؤنڈ پر 1-2 سے شکست دے کر ایسٹرن کانفرنس میں دوسری پوزیشن حاصل کر لی۔ میڈیارپورٹ کے مطابق لیونل میسی نے 83ویں منٹ میں شاندار گول کرکے اپنی ٹیم کی فتح یقینی بنائی۔مقابلے کے پہلے ہاف میں دونوں ٹیمیں کوئی گول نہ کر سکیں، تاہم دوسرے ہاف کے 53ویں منٹ میں ڈینیئل گازڈاگ نے گول کرکے نیو انگلینڈ کو 0-1 کی برتری دلا دی۔ انٹر میامی نے جوابی حملے تیز کیے اور 69ویں منٹ میں لیونل میسی نے سر کے پچھلے حصے سے غیر معمولی انداز میں گیند اپنے ساتھی کھلاڑی جرمن برڑامے کی جانب اچھالی، جنہوں نے گیند کو جال میں پہنچا کر مقابلہ 1-1 سے برابر کر دیا۔میچ کے 83ویں منٹ میں لیونل میسی نے 3 دفاعی کھلاڑیوں کو چکمہ دیتے ہوئے شاندار انداز میں گیند کو جال کی راہ دکھائی اور انٹر میامی کو فیصلہ کن برتری دلا دی۔اختتامی لمحات میں نیو انگلینڈ نے مقابلہ برابر کرنے کی کوشش کی، تاہم اس کے کھلاڑی کا گول ویڈیو ری پلے کے جائزے کے بعد آف سائیڈ قرار دے دیا گیا۔اس کامیابی کے بعد انٹر میامی کے پوائنٹس نیو انگلینڈ سے ایک زیادہ ہوگئے ہیں۔ ٹیم کو کانفرنس کے آخری میچ میں شارلٹ کے خلاف کامیابی کی صورت میں کانفرنس فائنل تک ہوم گراؤنڈ پر کھیلنے کا فائدہ بھی حاصل ہوگا۔ اس کے علاوہ انٹر میامی نے آئندہ سال کے کونکاکاف چیمپئنز کپ میں بھی جگہ بنا لی ہے۔



## پلیئر آف دی سیریز کا اعزاز ملنا اعتماد میں اضافے کا باعث بنا ہے، عرفات منہاس

**ہر میچ میں پاکستان کے لیے بہترین کارکردگی دکھانا میری ترجیح ہے،کامیابی ہو یا ناکامی محنت اور ٹریننگ کا معمول یکساں رکھتا ہوں،انٹرویو**

کراچی(وائس آف ایشیا) پاکستان کرکٹ ٹیم کے آل راؤنڈر عرفات منہاس نے شاندار کارکردگی کا سہرا مثبت سوچ اور مسلسل محنت کو قرار دیتے ہوئے کہاہے کہ پلیئر آف دی سیریز کا اعزاز ملنا اعتماد میں اضافے کا باعث بنا ہے۔آل راؤنڈر عرفات منہاس نے ایک انٹرویو میں کہا کہ تین ملکی ون ڈے انٹرنیشنل سیریز میں پلیئر آف دی سیریز کا اعزاز حاصل کرنا اعتماد میں اضافے کا باعث بنا ہے، کامیابی ہو یا ناکامی محنت اور ٹریننگ کا معمول یکساں رکھتا ہوں۔عرفات منہاس نے کہا کہ ہر میچ میں پاکستان کے لیے بہترین کارکردگی دکھانا میری ترجیح ہے، فائنل میں جلد وکٹیں گرنے کے بعد حسن نواز کے ساتھ شراکت قائم کرنے پر توجہ تھی، ہماری کوشش میچ کو آخری اوورز تک لے جانے کی تھی۔انہوں نے کہا کہ حسن نواز اور میں ایک دوسرے کی صلاحیتوں سے اچھی طرح واقف تھے، گیند تبدیل ہونے کے بعد بیٹنگ میں آسانی ہوئی، ایک بڑے اوور نے میچ کا رخ ہمارے حق میں موڑ دیا، بڑے کراؤڈ کے سامنے کھیلنے سے اضافی حوصلہ ملتا ہے۔عرفات منہاس نے کہا کہ دباؤ میں اعصاب پر قابو رکھنا اور درست فیصلے کرنا اہم ہوتا ہے، مختلف فارمیٹس میں کامیابی کے لیے ذہنی تیاری بہت ضروری ہے، فارمیٹ کوئی بھی ہو محنت اور نظم و ضبط کا معمول یکساں رہتا ہے۔واضح رہے کہ عرفات منہاس نے تین ملکی ون ڈے انٹرنیشنل سیریز کے پانچ میچوں میں 149 رنز بنائے اور 9 وکٹیں حاصل کیں، عرفات منہاس نے فائنل میں 31 گیندوں پر 61 رنز کی اہم اننگز کھیلی۔ عرفات منہاس اور حسن نواز نے چھٹی وکٹ پر 94 رنز کی شراکت قائم کی۔



## مولانا محمد الیاس چنیوٹی کی طرف سے جم وانڈور گیمز کمپلیکس۔جھمرہ روڈ چنیوٹ کا تحفہ تیار

### مادام ڈسٹرکٹ سپورٹس افسر۔و۔تحصیل سپورٹس افسر چنیوٹ نے جمس نیزیم کا معائنہ کروایا

پریس ریلیز () مولانا محمد الیاس چنیوٹی۔ایم پی اے کی طرف سے نوجوانان چنیوٹ کیلئے انٹرنیشنل لیول کا ڈسٹرکٹ جم وانڈور گیمز کمپلیکس۔جھمرہ روڈ چنیوٹ کا تحفہ تیار۔وزیر کھیل پنجاب سے وقت لیکر جلد ہی افتتاح کردیا جائیگا۔مادام ڈسٹرکٹ سپورٹس افسر و تحصیل سپورٹس افسر چنیوٹ نے جمس نیزیم کا معائنہ کروایا۔اس موقع پر رانا اظہر اور عطاالرحمٰن بیڈمنٹن کلب چنیوٹ نے سی ایم پنجاب وزیر کھیل اور خصوصا مولانا چنیوٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اب چنیوٹ کے نوجوان قومی اور بین الاقوامی مقابلوں کیلئے تیاری کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔یہ چنیوٹ کے نوجوانوں کیلئے یقیناً ایک یادگار تحفہ ہے۔مولانا چنیوٹی نے بتایا کہ وہ سپورٹس کمپلیکس چنیوٹ کیلئے کئی سالوں سے کوشش کر رہے ہیں لیکن سرکاری جگہ میسر نہیں آرہی۔معلوم ہوا ہے کہ 45 کنال سرکاری رقبہ ناجائز قابضین سے واگزار ہوا لیکن سابقہ ڈی سی چنیوٹ نے اسے جمخانہ چنیوٹ کیلئے مختص کردیا ہے۔وہ مطالبہ کررہے ہیں کہ برطانوی دور کی یادگار جمخانہ کلب بنانے کے بجائے اسی جگہ پر میرے نوجوان کیلئے سپورٹس کمپلیکس بنایا جائے۔اہل چنیوٹ اپنی اپنی سطح پر اس کیلئے آواز اٹھائیں۔نو تعمیر شدہ جم میں خواتین اور مرد حضرات کیلئے الگ الگ مشینری آچکی ہے۔ایک تجویز ہیکہ خواتین کا جم ہاکی سٹیڈیم میں قائم کردیا جائے۔جبکہ جھمرہ روڈ پر مرد حضرات کیلئے جم ہوگا۔رجسٹریشن فیس 5000 روپے، ماہانہ فیس 2000 روپے رکھی گئی ہے۔



## آئی ایل ایم کالج دیپالپور میں ایک پروقار اور روح پرور نعتیہ مشاعرے کا انعقاد

### دیپالپور، اوکاڑہ اور پاکپتن سے تعلق رکھنے والے ممتاز شعراء، ادبی شخصیات اور اہلِ ذوق نے شرکت کی



دیپالپور (ارشاد احمد شاد سے) دیپالپور عشق رسول ﷺ کے فروغ، سیرتِ طیبہ کی روشنی عام کرنے اور نعتیہ ادب کی ترویج کے لیے آئی ایل ایم کالج دیپالپور میں ایک پروقار اور روح پرور نعتیہ مشاعرے کا انعقاد کیا گیا، جس میں دیپالپور، اوکاڑہ اور پاکپتن سے تعلق رکھنے والے ممتاز شعراء، ادبی شخصیات اور اہلِ ذوق نے شرکت کی محفل میں شعراء نے اپنے خوبصورت، عقیدت مندانہ اور فکر انگیز نعتیہ کلام کے ذریعے حضور نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی بارگاہ میں محبت و عقیدت کے نذرانے پیش کیے تقریب کا آغاز پروفیسر عمر فاروق کی دل نشین اور شائستہ نظامت سے ہوا انہوں نے اپنی خوبصورت نظامت کے ذریعے محفل کے ادبی و روحانی ماحول کو برقرار رکھا اور اس موقع پر پروفیسر شاہین افضل نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم کا مقصد محض نصابی علم کی فراہمی نہیں بلکہ طلباء کی فکری، اخلاقی اور روحانی تربیت بھی ہے ادبی اور مذہبی سرگرمیاں نئی نسل کو اپنی تہذیبی و اخلاقی اقدار سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں مشاعرے میں دیپالپور کی نمائندگی کرتے ہوئے غلام علی آسی، عمر رشید ابجد، توقیر اشہب، عامر ابیض اور علی عمران عامر سمیت دیگر شعراء نے اپنا نعتیہ کلام پیش کیا مہمان شعراء میں محترمہ شہناز کوثر، محترمہ فائزہ بھٹی، شہزاد ڈوگر، نجم حسین اور شاہ زیب نوید شامل تھے ضلع اوکاڑہ سے ندیم احسن شاہ، پروفیسر افتخار احمد اور رانا غلام محی الدین جبکہ ضلع پاکپتن سے موج دین فریدی، یونس فریدی، ڈاکٹر نوید عاجز اور شریف ساجد نے شرکت کی۔ تمام شعراء نے اپنے اپنے منفرد شعری اسلوب میں بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں نذرانِ عقیدت پیش کیا تقریب کے شرکاء نے آئی ایل ایم کالج کے پرنسپل جناب صابر رضوی اور کالج انتظامیہ کی اس ادبی و روحانی کاوش کو سراہتے ہوئے کہا کہ تعلیمی اداروں میں ایسی سرگرمیوں کا انعقاد قابلِ تحسین ہے۔کالج اسٹاف نے مہمان شعراء کے استقبال اور تقریب کے انتظامات میں بھرپور کردار ادا کیا، جبکہ طلباء نے بھی غیر معمولی دلچسپی اور ادب واحترام کے ساتھ نعتیہ کلام سماعت کیا۔تقریب کے اختتام پر منتظمین اور شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عشق رسول ﷺ، سیرتِ طیبہ کے پیغام اور نعتیہ ادب کے فروغ کے لیے علمی و ادبی سرگرمیوں کا یہ سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ نئی نسل کو اپنی دینی، تہذیبی اور ادبی شناخت سے مضبوطی کے ساتھ وابستہ رکھا جاسکے۔

## جنت کے دروازے کھولنے والے دو عظیم اعمال



**تحریر: اختر علی مہر**

اسلام ایک ایسا دین ہے جو انسان کو صرف عبادات ہی نہیں سکھاتا بلکہ انسانیت سے محبت، بھوکوں کو کھانا کھلانے اور ایک دوسرے کے ساتھ حسن سلوک کا درس بھی دیتا ہے۔قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ہمیشہ رہنے کے باغات، جن کے دروازے ان کے لیے پوری طرح کھلے ہوں گے۔سورۃ ص، آیت نمبر 50 ذرا تصور کیجیے وہ مقام جہاں نہ کوئی خوف ہوگا، نہ غم، نہ جدائی اور نہ موت، بلکہ رحمتِ الٰہی کے سائے میں ہمیشہ کی زندگی ہوگی۔لیکن سوال یہ ہے کہ اس عظیم کامیابی کے لیے ہمارا طرزِ زندگی کیا ہونا چاہیے۔حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: اسلام کا کون سا عمل بہتر ہے۔آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔تم کھانا کھلاؤ اور ہر شخص کو سلام کرو، خواہ تم اسے پہچانتے ہو یا نہ پہچانتے ہو۔صحیح البخاری، کتاب الایمان، حدیث نمبر 12 یہ مختصر مگر جامع فرمان ہماری زندگی کے دو اہم پہلوؤں کی اصلاح کرتا ہے۔پہلا یہ کہ اپنے دسترخوان کو صرف اپنے گھر تک محدود نہ رکھو بلکہ بھوکے محتاج اور ضرورت مند کو بھی اس میں شریک کرو۔دوسرا یہ کہ سلام کو تعلقات، رشتوں، دولت اور پہچان کا پابند نہ بنا۔جسے جانتے ہو اسے بھی سلام کرو اور جسے نہیں جانتے اسے بھی عزت ومحبت دو۔آج معاشرے کا المیہ یہ ہے کہ ہم بڑے بڑے کاموں کی خواہش تو رکھتے ہیں، مگر چھوٹی چھوٹی نیکیوں کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔کسی بھوکے کو کھانا کھلانا، کسی اجنبی کو محبت سے سلام کرنا اور کسی ضرورت مند کی عزتِ نفس مجروح کیے بغیر مدد کرنا بھی عظیم نیکیاں ہیں۔یاد رکھیے جنت کی منزل صرف دعوں سے نہیں بلکہ ایمان، اخلاص اور نیک اعمال سے حاصل ہوتی ہے۔ہوسکتا ہے ہمارا کھلایا ہوا ایک نوالہ، ہمارا محبت بھرا ایک سلام اور کسی دکھی دل کے لیے ہمارا ایک چھوٹا سا عمل اللہ تعالیٰ کی رضا کا ذریعہ بن جائے۔

## "A might is right world." جس کی لاٹھی اس کی بھینس



"جس کی لاٹھی اس کی بھینس" ایک ایسا قدیم اور مقبول عام محاورہ ہے جو انسانی تاریخ کی ایک تلخ حقیقت کو بیان کرتا ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ طاقتور، بااثر اور زور آور انسان ہی اپنے حق یا ناحق مقاصد میں کامیاب ہوتا ہے، جبکہ کمزور شخص خواہ کتنا ہی حق پر کیوں نہ ہو، اپنے حقوق کے حصول کے لیے بے بس نظر آتا ہے۔انگریزی میں اس کے لیے "Might is Right" طاقت ہی حق ہے (کا فقرہ استعمال کیا جاتا ہے۔یہ اصول بظاہر جنگل کے قانون کی عکاسی کرتا ہے جہاں طاقتور جانور کمزور پر برتری رکھتا ہے، لیکن بدقسمتی سے انسانی معاشرے میں بھی اس کے کئی روپ دیکھنے کو ملتے ہیں۔

تاریخی پس منظر اور انسانی جبلت

اگر ہم انسانی ارتقا اور تاریخ کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ ابتدائی دور میں جب کوئی باقاعدہ ریاستی نظام، قانون یا عدالتیں نہیں تھیں، تو یہی اصول معاشرے کا ضابطہ حیات تھا۔جس کے پاس جسمانی طاقت، ہتھیار یا قبیلے کی حمایت زیادہ ہوتی تھی، وسائل اور زمین اسی کی ملکیت بن جاتی تھی۔وقت کے ساتھ ساتھ انسان نے شعور کی منزلیں طے کیں، ریاستیں وجود میں آئیں، اور معاشرے میں امن، عدل اور قانون کی بالادستی کے لیے آئین اور ضابطے بنائے گئے تاکہ اس جابرانہ طاقت کے قانون کو ختم کیا جاسکے۔

معاشرتی اور عملی زندگی میں مظاہر

آج کے مہذب دور میں اگرچہ کاغذ پر قانون کی حکمرانی کا دعویٰ کیا جاتا ہے، لیکن عملی میدان میں "جس کی لاٹھی اس کی بھینس" کے اثرات اب بھی مختلف شکلوں میں موجود ہیں:

معاشی ناانصافی: دنیا بھر میں دولت مند طبقات وسائل کا بڑا حصہ سمیٹ لیتے ہیں۔سرمایہ دارانہ نظام میں اکثر طاقتور کارپوریشنز یا افراد اپنے اثر ورسوخ کے بل بوتے پر چھوٹے کاروبار یا مزدوروں کے حقوق کو دبا دیتے ہیں۔

بین الاقوامی تعلقات: عالمی سیاست میں طاقت کا یہ اصول آج بھی پوری آب وتاب کے ساتھ نافذ ہے۔بڑی طاقتیں اپنے سیاسی و معاشی مفادات کے لیے کمزور ممالک پر اپنی مرضی مسلط کرتی ہیں اور بین الاقوامی قوانین اکثر صرف کمزوروں کے لیے ہی پابندِ سلاسل ہوتے ہیں۔

عدل و انصاف کے تقاضے: اگرچہ عدالتیں انصاف فراہم کرتی ہیں، لیکن مالی وسائل اور سیاسی اثر و رسوخ رکھنے والے افراد بھی کبھار طویل قانونی پیچیدگیوں یا وکلا کی فوج کے ذریعے انصاف کے تقاضوں کو متاثر کرنے کی کوشش کرتے ہیں، جس سے کمزور طبقہ کٹہرے میں تنہا رہ جاتا ہے۔

طاقت کا اصل معیار: طاقت بمقابلہ اخلاقی برتری

ایک مہذب معاشرے کی اصل کامیابی اسی میں پوشیدہ ہے کہ وہ اس جابرانہ اصول کو رد کرے۔اگر طاقت کو ہی ہمیشہ حق مان لیا جائے تو معاشرے میں اخلاقیات، انسانیت اور اصول پسندی کی کوئی گنجائش نہیں بچے گی۔

تاریخ گواہ ہے کہ ظالم اور طاقتور حکمران وقتی طور پر تو اپنے زور پر حکومت کرتے ہیں، لیکن ان کا اقتدار ہمیشہ عارضی ہوتا ہے۔اس کے برعکس، جو لوگ اخلاق اصولوں، سچائی اور قانون کی پاسداری پر قائم رہتے ہیں، ان کی اثر آفرینی اور نام ہمیشہ کے لیے امر ہو جاتا ہے۔پیغمبروں، صوفیا اور سچے مصلحین نے کبھی طاقت کے زور پر نہیں بلکہ حق اور اخلاق کی طاقت سے دنیا کے دلوں پر راج کیا۔

"جس کی لاٹھی اس کی بھینس" کا محاورہ دراصل انسانی معاشرے کی اس کمزوری کی نشاندہی کرتا ہے جسے درست کرنے کی ہمیشہ ضرورت ہے۔قانون کی حکمرانی، عدل وانصاف کا فروغ، اور کمزور کی حمایت ہی وہ واحد راستے ہیں جو کسی معاشرے کو جنگل بننے سے بچا سکتے ہیں۔ایک باشعور قوم کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ طاقت کے اس جابرانہ تصور کو شکست دے اور ہر جگہ "حق اور انصاف ہی اصل طاقت ہے" کے اصول کو زندہ رکھے۔

## ایک قوم، ایک عزم۔۔۔۔۔از قلم: حمید علی



شمشیرِ بے نیام

حمید علی

hamidalichaudhary50@gmail.com

وطنِ عزیز کی سلامتی، خود مختاری اور استحکام محض جغرافیائی سرحدوں کے تحفظ کا نام نہیں، بل کہ یہ ایک ایسی قومی ذمہ داری ہے جس کا تعلق ریاست کے وجود، عوام کے مستقبل اور آنے والی نسلوں کے محفوظ کل سے ہے۔پاکستان کو گزشتہ کئی دہائیوں سے دہشت گردی، انتہا پسندی اور بیرونی مداخلت جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا رہا ہے۔ایسے حالات میں قومی قیادت کا باہمی اتفاق، اداروں کی یکسوئی اور ریاستی پالیسیوں میں تسلسل غیر معمولی اہمیت اختیار کر جاتا ہے۔جب سیاسی بصیرت اور عسکری حکمتِ عملی ایک مشترکہ قومی مقصد کے تحت آگے بڑھیں تو ریاست کے خلاف سازشوں کا راستہ روکنا نسبتاً زیادہ مؤثر ہو جاتا ہے۔

گزشتہ دنوں میں خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے زرکانی اور بلوچستان کے علاقے قلعہ سیف اللہ میں سکیورٹی فورسز کے کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز اسی قومی عزم کی نمایاں مثال ہیں۔ان کارروائیوں نے ایک مرتبہ پھر واضح کیا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مستند معلومات، پیشہ ورانہ مہارت، بروقت فیصلے اور مربوط حکمتِ عملی کس قدر بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔یہ محض چند آپریشنز کی کامیابی نہیں، بل کہ ان جوانوں کی شبانہ روز محنت اور قربانیوں کا تسلسل ہے جو اپنے فرائض کی ادائیگی کے لیے ہر لمحہ تیار رہتے ہیں۔

پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت کے درمیان قومی سلامتی کے معاملے پر ہم آہنگی ایک مثبت پیش رفت ہے۔قومی مفادات کو سیاسی اختلافات پر ترجیح دینا ہی بالغ نظری اور ریاستی ذمہ داری کا تقاضا ہے۔جمہوری معاشروں میں سیاسی جماعتوں کے درمیان اختلاف رائے فطری امر ہے، لیکن جب معاملہ ملک کی بقا، امن اور خود مختاری کا ہو تو قومی اتفاق رائے کی اہمیت کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔دہشت گردی جیسے پیچیدہ مسئلے سے نمٹنے کے لیے محض بیانات کافی نہیں ہوتے، بل کہ مستقل مزاجی، ادارہ جاتی تعاون اور عملی اقدامات ناگزیر ہوتے ہیں۔

یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جاسکتی کہ پاکستان کے دشمن صرف اسلحے کے ذریعے ریاست کو کمزور کرنے کی کوشش نہیں کرتے، بل کہ انتشار، مایوسی، غلط معلومات اور معاشرتی تقسیم کو بھی اپنے مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ان کا ہدف عوام اور ریاست کے درمیان اعتماد کی دیوار میں دراڑیں ڈالنا اور قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانا ہوتا ہے۔ایسے میں ضروری ہے کہ قوم افواہوں اور گمراہ کن پروپیگنڈے سے محتاط رہے اور ہر معاملے کو ذمہ داری، تحقیق اور شعور کی نگاہ سے دیکھے۔قومی سلامتی صرف سرحدوں پر تعینات محافظوں کی ذمہ داری نہیں، بل کہ اس میں ہر شہری کا کردار بھی اہم ہے۔

تاہم دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے عسکری کارروائیوں کے ساتھ ساتھ سیاسی، معاشی اور سماجی محاذوں پر بھی بھرپور توجہ دینا ہوگی۔ بالخصوص خیبر پختونخوا اور بلوچستان جیسے حساس علاقوں میں تعلیم، روزگار، صحت، بنیادی سہولتوں اور انصاف کی فراہمی کو ترجیح بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔محرومیوں کا ازالہ، نوجوانوں کے لیے ترقی کے مواقع اور عوامی اعتماد کی بحالی ایسے اقدامات ہیں جو شدت پسندی کے اسباب کو کم کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ریاست کی طاقت کا اصل حسن صرف اس کی دفاعی صلاحیت میں نہیں، بل کہ شہریوں کو امن، انصاف اور مساوی مواقع فراہم کرنے میں بھی پوشیدہ ہے۔

ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سب سے بڑی قیمت عام شہریوں اور ان خاندانوں نے ادا کی ہے جنہوں نے اپنے پیاروں کی قربانیاں دیں۔شہدا کا لہو قوم پر ایک ایسا قرض ہے جس کی ادائیگی صرف خراجِ عقیدت پیش کرنے سے ممکن نہیں، بل کہ اس کے لیے ایک پرامن، مستحکم اور انصاف پر مبنی معاشرہ تشکیل دینا ہوگا۔سکیورٹی فورسز کے جوانوں کی قربانیاں اسی وقت حقیقی معنوں میں بارآور ہوں گی جب ملک کے ہر شہری کو خوف سے آزاد زندگی، بہتر مستقبل اور ترقی کے یکساں مواقع میسر آئیں گے۔

آج پاکستان کو جس چیز کی سب سے زیادہ ضرورت ہے، وہ قومی اتحاد، سیاسی استحکام اور ریاستی اداروں کے درمیان اعتماد کا مضبوط رشتہ ہے۔سیاسی اختلافات اپنی جگہ، مگر وطن کی سلامتی پر کوئی اختلاف نہیں ہونا چاہیے۔ زرکانی سے قلعہ سیف اللہ تک سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں اس عزم کی یاد دہانی ہیں کہ پاکستان اپنے امن اور خود مختاری کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ہمیں ایک ایسے پاکستان کی تعمیر کرنا ہے جہاں دہشت گردی کے لیے کوئی جگہ نہ ہو، اختلاف کو دشمنی نہ سمجھا جائے اور قومی مفاد ہر ذاتی و سیاسی ترجیح سے بلند ہو۔کیوں کہ مضبوط ریاستیں صرف طاقت سے نہیں، بل کہ اتحاد، انصاف، دانش مندی اور عوام کے اعتماد سے تشکیل پاتی ہیں۔

## پاکستان کا مستقبل اور امن وامان کی صورتحال۔۔۔۔۔تحریر: غلام رسول بلوچ

پاکستان موجودہ وقت میں ایک اہم تاریخی اور معاشی موڑ پر کھڑا نظر آتا ہے

جہاں داخلی سلامتی معاشی اصلاحات اور سیاسی استحکام گہرائی سے آپس میں جڑے ہوئے ہیں۔

امن وامان اور داخلہ صورتحال کے چیلنجز میں سب سے بڑا چیلنج بیرونی اسپانسرڈ دہشت گردی ہے، جس نے ریاست پاکستان کے امن وامان کو بے حد متاثر کیا ہوا ہے

بلوچستان اور خیبر پختون خواہ میں دہشت گردی اور سکیورٹی کے چیلنجز انتہائی سنگین ہیں۔جن کی وجہ سے قومی وعسکری املاک پر حملوں اور نقصانات کا سامنا ہے۔

حکومت اور عسکری قیادت کی طرف سے عزم استحکام آپریشن کے ذریعے مضبوط اور موثر کارروائیاں کی جارہی ہیں۔دہشت گردی اور ان کی سہولت کاری کے سد باب کے لیے حکومت اور عسکری قیادت پرعزم ہیں۔ جامع اور مؤثر کارروائیوں کے نتیجے میں دہشتگردی کے ناسور کو بڑا نقصان پہنچا ہے۔

پاکستانی قوم اور ملک کے قومی سلامتی کے ادارے دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں

حکومت اور عسکری قیادت نے ملک میں پائیدار امن کے لیے عزم استحکام ویژن کے تحت جامع کارروائیوں پر زور دیا ہے

جس کا مقصد سیاسی سفارتی اور عسکری سطح پر مشترکہ لائحہ عمل تیار کرنا ہے

ریاست کا مفاد پہلے ہے انتشار اور فساد کی سیاست ملک کے لیے انتہائی نقصان دہ ہے

داخلی امن اور معاشی استحکام دونوں ایک دوسرے کے لیے لازم وملزوم ہیں

حکومتی ویژن کے مطابق پاکستان کا تابناک اور روشن مستقبل نوجوانوں کی تعلیم جدید مہارتوں اور تیکنیکی ترقی سے وابستہ ہے

جب نوجوان اپنی تعلیم اور ہنر سے آگے بڑھیں گے تو قوم ترقی کرے گی۔

قوم کے نوجوان شعوری وابستگی کے ساتھ ملکی وقار اور پہچان میں اپنا کردار ادا کر کے پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت بن سکتے ہیں۔

اسکے ساتھ ساتھ قومی یکجہتی اور معاشرتی زندگی میں ٹھہراؤ قوم کی مضبوطی کا باعث بن سکتے ہیں۔

پاکستان کے امن کے لیے قوم کو اپنے قومی اداروں کے شانہ بشانہ رہ کر ملک کے خلاف سازشوں اور منفی بیانیوں و پروپیگنڈوں کا توڑ کرنا ہوگا۔

مضبوط قوم مضبوط پاکستان ہمارے روشن مستقبل کی نوید ہے۔

پاکستان میں سیاحت کے بھرپور مواقع ہیں جن سے فائیدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

میگا پروجیکٹس پر کام کی تیزی سے ملک ترقی کرے گا اور نئے راہیں متعین ہونگی۔

پاکستان دشمن عناصر پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کے لیے قومی وعسکری ترقیاتی کاموں پر حملہ آور ہیں تاکہ ملک میں بیرونی سرمایہ کاری کو روک کر ترقی کے عمل کو متاثر کیا جاسکے۔

قوم کے اتحاد اور یکجہتی سے مکروہ عزائم اور سازشوں کو روکا جاسکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ پاکستان کا حامی وناصر ہو آمین

بقیہ نمبر 1

شارع فیصل کو جانے والے سارے راستے مسدود ہو جائیں گے اور پورا پاکستان ایم کیو ایم کی جانب دیکھ رہا ہے کیونکہ نئے صوبے اور نئے انتظامی یونٹس کی تحریک کی قیادت اب ایم کیو ایم ہی کرے گی، سینئر مرکزی رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج ایم ...

بقیہ نمبر 7

حاضری پر چند روز قبل چاروں ملزمان کی ضمانتیں خارج کردی گئی تھیں۔ملزمان کی جانب سے دوبارہ ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواستیں دائر کی گئی تھیں

جمع ہوگئے۔ڈی پی او ہنگو کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں نور رحمان بھائی، اہلیہ مریم، بیٹی حمزہ بی بی، 15 ...

بقیہ نمبر 14

اظہار کیا

ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ڈیجیٹل اثاثوں پر مکالمہ اور مستقبل کی بینکاری کے موضوع پر منعقدہ تقریب سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے کیا۔وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کو ایسی مالیاتی جدت کی ضرورت ہے جو کاروبار ...

رہائشی/ڈومیسائل ہونا ضروری ہے جبکہ شی تھرڈ پروگرام میں رجسٹریشن کے لیے میٹرک کی اہلیت مقرر کی گئی ہے۔رجسٹریشن کے لیے قومی شناختی کارڈ اور ڈومیسائل لے کر شاہکام انڈسٹریز میں درخواست دی جاسکتی ہے۔ابتدائی جانچ پڑتال اور اہلیت کی تصدیق کے بعد امیدوار خواتین کو داخلے سے قبل حلف نامہ جمع کروانا ہوگا۔اسسٹنٹ کمشنرز، یونین کونسل سیکرٹریز اور متعلقہ ضلعی دفاتر کے ...

بینکوں کو اپنے سائبر سکیورٹی نظام کو موثر بنانے اور سٹیٹ بینک کے ساتھ مل کر ابھرتے خطرات سے نمٹنے کے لیے اقدامات کرنا ہوں گے۔وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان میں فائیو جی سپیکٹرم کی نیلامی، راست جیسے ڈیجیٹل ادائیگی کے نظام اور ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کی ترقی مالیاتی جدت کے فروغ کے لیے اہم اقدامات ہیں، ان اقدامات کے ...

جیسا تعاون حکومت اور حکومتی ادارے بینکوں کے ساتھ کرتے ہیں، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار معیشت کی ترقی، برآمدات کے فروغ اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی بھرپور استعداد رکھتے ہیں، زراعت کا شعبہ ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، زرعی اجناس کی ویلیو ایڈیشن سے برآمدات میں اضافے ...

کی مخالفت کی تھی۔نکر کارلسن کے مطابق مشرق وسطیٰ میں امریکا کے دیرینہ اتحادی بھی جنگ میں مزید شدت کے امکان پر تشویش کا شکار ہیں۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ نیتن یاہو 27 ستمبر کو خفیہ طور پر ابوظہبی گئے تھے تاکہ ایران پر آخری حملے کے لیے متحدہ عرب امارات کی حمایت حاصل کرسکیں، تاہم اماراتی حکام نے اس تجویز سے اتفاق نہیں ...

کہا کہ خیبر پختونخوا کے غیور عوام بہادر ہیں اور پاکستانی معاشرے کا ایک بہت خاص حصہ ہیں۔پشتونوں سے بہتر کوئی لوگ نہیں، وہ اپنی روایات پر فخر کرنے والے ہیں، خیبر پختونخوا کے عوام امن و استحکام کا مطالبہ کرتے ہیں اور وہ اس کے مستحق بھی ہیں۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا تھا کہ حکومت کے خاتمے سے متعلق ...

بقیہ نمبر 2

بقیہ نمبر 3

بقیہ نمبر 4

بقیہ نمبر 5

بقیہ نمبر 6

بقیہ نمبر 8

بقیہ نمبر 9

بقیہ نمبر 10

بقیہ نمبر 11

بقیہ نمبر 12

بقیہ نمبر 13

بقیہ نمبر 15

بقیہ نمبر 16

بقیہ نمبر 17

بقیہ نمبر 18

بقیہ نمبر 19

بقیہ نمبر 20

## خاتون کا دیور پر زرعی رقبے پر قبضے کا الزام، ڈی پی او اور ڈی سی سے انصاف کی اپیل

متاثرہ خاتون کے مطابق وہ 5 بچوں کی والدہ ہیں جبکہ ان کے شوہر مرگی کے مرض میں مبتلا ہیں



## ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اجلاس منعقد ہوا




## ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت ستھرا پنجاب ایجنسی کا اجلاس منعقد ہوا

ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ سپروائزرز، ورکرز کی حاضری، کام اور مشینری کی فعالیت کو چیک کیا جائے



## صحافی معاشرے کے کیمرے اور عوام کی آواز ہیں مجید اللہ سہرانی



## محراب پور شہر کچرا کنڈی میں تبدیل، خبروں کی پاداش میں صحافی کا پلاٹ میں کچرے کے ڈھیر لگا دیے



## سپیکو نا اہلی نے محنت کش کی جان لے لی سانپ کاڈسا نوجوان اسپتال میں دم توڑ گیا



## چار ٹریفک حادثات میں 2 نوجوان جاں بحق، 3 زخمی ہو گئے

حادثے میں دوسرے موٹر سائیکل پر سوار مشوری برادری کے نوجوان معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔

## سردار جام محمد احمد ویہہ کے ڈیرے پر مخدوم سید علی محمود کی آمد پر پر تکلف ظہرانہ دیا گیا

شرکا نے میزبان کی جانب سے پر تپاک استقبال، خلوص محبت اور شاندار میزبانی کو سراہتے ہوئے اظہار تشکر کیا



## گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی کے پرنسپل احمد شعیب اسلام کی سالگرہ کی پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا



## لکڑی چور چاہے کتنا ہی بااثر ہو کسی رعایت کا مستحق نہیں سیاسی دباؤ قبول نہیں کروں گا عمران ستار



## پینٹرز اینڈ آرٹسٹ یونین کا اہم اجلاس، مرحوم اساتذہ کے جانشینوں کی دستار بندی کی گئی



## چیئرمین IOEC کی ہدایت پر صوبائی صدر جہانگیر لانگو کی آئی جی ایف سی سے اہم ملاقات ہوئی



## محمد یٰسین بھٹی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ بار ملتی پنجاب کی نشست پر نائب صدر منتخب، آبائی گاؤں آمد پر شاندار استقبال

اہل علاقہ، عزیز و اقارب، دوست احباب اور وکلا برادری کی جانب سے ان کا والہانہ اور پر تپاک استقبال کیا گیا



## ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے ملتان روڈ کا دورہ کیا



## گھریلو جھگڑے پر خونریز واقعہ پیش آیا ہے، جہاں سالے نے فائرنگ کر کے اپنے بہنوئی کو قتل کر دیا

پولیس نے مقتول کی لاش کو تحویل میں لے کر قانونی کارروائی اور پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا ہے



## شہر میں ذائقوں کا نیا مرکز، خان جی ریسٹورنٹ کا شاندار افتتاح کر دیا گیا



## ایس ڈی پی او عمران حیدر اور کرنل ملک خالد کا ہڑپہ کا دورہ



## شہری کو غلط جگہ بھیجی گئی تعلیمی ٹرانسکرپٹ موصول، شکایت کا کامیاب ازالہ

## وفاقی محتسب کے حکم پر BISP کا روکا گیا وظیفہ بحال، مستحق خاتون کو 14,500 روپے ادا کر دیا گیا

## عدالت نے مجرم امتیاز کو 19 سال قید اور 7 لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا حکم دے دیا

## مولانا الیاس چنیوٹی کی جانب سے نوجوانان چنیوٹ کے لیے انٹرنیشنل لیول کا ڈسٹرکٹ جمنازیم و جمنیزیم کمپلیکس تیار



## اہم شاہراہوں کی تعمیر و مرمت کے ٹینڈرز اوپن، منصوبے 4 ماہ میں مکمل ہوں گے



## ڈی پی او کی ہدایات پر منشیات فروشوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن جاری

تھانہ ہڑپہ کی حدود میں امن و امان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس متحرک ہے



## ساہیوال زیادہ گندم اگاؤ مہم کے تحت سپر سیڈر سے بوائی کا آغاز کر دیا گیا



## زمین کے تنازع پر رشتے دار آمنے سامنے، فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہو گیا

زمین کے تنازع پر دونوں فریقین کے درمیان تلخ کلامی ہوئی، جو دیکھتے ہی دیکھتے جھگڑے میں تبدیل ہو گئی

## میاں صابر حسین کی کتاب فطرت کے دربار میں کی پروقار تقریب رونمائی مقررین کا خراج تحسین



## فیصل آباد کے رہائشی علاقے میں غیر قانونی مویشیوں سے سیوریج تباہ، اہل علاقہ کا ڈپٹی کمشنر سے نوٹس کا مطالبہ



## خاتون کی موت معمہ بن گئی، ورثا کے مطابق خودکشی ہے

